PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/PSRP-II/CIR/02-2026-1018 تاریخ: 24 فروری، 2026

محترم لائسینسیز پی ایس آر پی فیز-II

عنوان : NCHD کے دورے (VISIT) کے حوالے سے اہم ہدایات

بذریعہ سرکلر ہذا تمام پی ایس - آر پی لائسینسیز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمینٹ (NCHD) کی ٹیم پی ایس - آر - پی فیز 2 کے سکولوں کا معائنہ کرے گی ۔ دورانِ معائنہ پی - ایس آر پی فیز 2 سکولز میں طلباء کی تصدیق کے ساتھ سکولز کے انفراسٹرکچر کا جائزہ لیا جائے گا ۔

لہذا اس سلسلے میں آپ کو ہدایات کی جاتی ہیں کہ آپ اپنے سکول کا ریکارڈ / سہولیات درست اور مکمل کریں معائنہ کے وقت NCHD کی ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور مطلوبہ ریکارڈ پیش کریں ۔ دورانِ معائنہ تمام لائسینسیز کا سکول میں موجود ہونا ضروری ہے ۔ سکول میں حاضر نہ پائے جانے والے لائسینسیز کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے گی ۔

آپ کو مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل سہولیات / ریکارڈ ہر صورت مکمل کریں ۔

ریکارڈ کی تفصیلات :

1. سکول حوالگی کے وقت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کے مجاز افسران کی دستخط شدہ انوینٹری فارم کی کاپی ۔
2. SIS کے نمبر شمار کی ترتیب کے مطابق تمام طلباء کے داخلہ فارم کی فائل بشمول سابقہ سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اور ب فارم کی کاپی ۔
3. تعلیمی کوائف اور تجربہ کے سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی پر مشتمل اساتذہ کی مکمل فائل کا موجود ہونا ۔
4. SED کی پالیسی کے مطابق سکول میں حاضری رجسٹر برائے اساتذہ، قبض الوصول(سیلری رجسٹر)لاگ بک، انوینٹری رجسٹر کا موجود ہونا ۔
5. تمام کلاسز کے ہر لحاظ سے مکمل حاضری رجسٹر، داخل و خارج رجسٹر برائے طلباء و طالبات، رجسٹر کے تمام صفحات پر سکول کا مکمل نام اور ادارے کے سربراہ کے دستخط موجود ہونا ضروری ہے ۔

سہولیات کی فراہمی :

6. اساتذہ اور طلباء کے لیے فرنیچر کا انتظام ۔
7. پینے کے لیے صاف پانی کا مناسب انتظام(ہر 70 طلباء کے لیے کم از کم ایک واٹر پوائنٹ)
8. صاف ستھرے بیت الخلاء کا انتظام(ہر 70 طلباء کے لیے کم از کم ایک بیت الخلاء)
9. کمرہ جماعت میں تازہ ہوا کا گزر اور پنکھا / Exhaust Fan / لائٹ کی موجودگی ۔
10. منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق PEF بورڈ کی ہر سکول کے باہر موجودگی اور اس پر PEF ہدایات کے مطابق تفصیل ۔پیف بورڈ نہ لگانے والے سکولز کو ماہانہ پیمنٹ میں پالیسی کے مطابق جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
11. نوٹس بورڈ پر اسکول کے اوقات کار درج ہونا ۔

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid,Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

CamScanner

12. چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کا نمایاں جگہ آویزاں ہونا ۔

13. ابتدائی طبی امداد(فرسٹ ایڈ کٹ) کا موجود ہونا ۔

14. ڈینگی سے بچاؤ کے لیے سکول میں مناسب احتیاطی تدابیر کا ہونا اور ان سے متعلقہ گورنمنٹ کی ہدایات پر عمل وغیرہ ۔

15. حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق تمام سکولز Waste Segregation (مختلف اقسام کے کوڑے کو الگ کرنا)کے لیے پیلا، سرمئی، سبز، سرخ، نارنجی رنگ کے کوڑے دان کا بندوبست کریں۔

طلباء کے کوائف کی تصدیق :

دوران معائنہ NCHD کی ٹیم سکول میں داخل طلباء کی درج ذیل ریکارڈ کے مطابق تصدیق کرے گی۔

1. طالبعلم کا نام(تمام ریکارڈ میں طالبعلم کا نام' ب 'فارم کے مطابق ہونا چاہیے) ۔
2. طالبعلم کے والد کا نام(تمام ریکارڈ میں طالبعلم کے والد کا نام' ب 'فارم کے مطابق ہونا چاہیے) ۔
3. طالبعلم کی تصویر ۔
4. طالبعلم کی کلاس ۔
5. طالبعلم کا' ب 'فارم نمبر ۔
6. طالبعلم کا داخلہ نمبر ۔

نوٹ :

1. یاد رکھیں کہ دوران مانیٹرنگ ریکارڈ میں Lead Pencil سے اندراج / تصحیح ریکارڈ کے لیے Fluid/Over writing/Whitener کا استعمال یا نامکمل کوائف کے اندراج کو PEF قوانین کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا ۔
2. تمام لائسینسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پیف کی جانب سے بھیجے گئے کسی بھی مانیٹر سے سکول کی حدود کے علاوہ کسی بھی دیگر جگہ پر ملاقات سے گریز کریں اور مکمل تعاون کے ساتھ مانیٹرنگ کے عمل کو کامیابی یقینی بنائیں ۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (پی ایس آر پی فیز-II)

کاپی برائے اطلاع:

1. PA to Chairman, PEF
2. PS to MD, PEF
3. PS to DMD (PSPR), PEF
4. Office Copy

CamScanner